© rasailojaraid.com



تمام مضامین قرآن مجید سے متعلق ہیں۔ اور اس رسالہ کا مقصد بھی یہی ہے کہ مسلمانوں میں کتاب الٰہی کے پڑھنے پڑھانے اور سمجھنے کا ذوق پیدا ہو۔ مقصد نہایت نیک اور بلند ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ چودھری صاحب کو ان کی حسنِ نیت و عمل کا ثمرہ ملے اور وہ اپنی کوششوں میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کریں۔ ادارہ کے متعلق مفصل معلومات چودھری صاحب سے دریافت کی جاسکتی ہیں۔

**حاذق** - مرتبہ حکیم رفیق احمد صاحب تقطیع $\frac{20\times26}{8}$ ضخامت ۴۸ صفحات طباعت کتابت بہتر چندہ سالانہ ایک روپیہ پتہ :۔ مدنی دواخانہ مدینہ منزل بجنور۔

یہ ایک طبی رسالہ ہے جو ماہانہ بجنور سے شائع ہوتا ہے۔ مضامین سب کے سب طبی ہی ہوتے ہیں جو عام اور مفید معلومات کے حامل ہوتے ہیں، ان کے علاوہ مجرب نسخے، مشہور حکمار کی سوانح عمریاں، اور عام حفظانِ صحت سے متعلق مفید ہدایات بھی ہوتی ہیں طب کے طلبار اور فضلار کے علاوہ عام لوگوں کے لئے بھی اس کا مطالعہ مفید ہوگا۔

**مُسلمان** - ہفتہ میں دو بار۔ اڈیٹر مولانا نصراللہ خاں عزیز بی۔ اے و ابوالوحید عبدالمجید خادم۔ قیمت سالانہ آٹھ روپیہ۔ فی پرچہ ار۔ پتہ :۔ دفتر اخبار مُسلمان لاہور۔

مولانا نصراللہ خاں عزیز اُردو کی دنیار صحافت میں کسی تعارف کے محتاج نہیں وہ ہندوستان کے مشہور قوم پرور اخبار نویس ہیں مُسلمان انہیں کے زیر ادارت لاہور سے نکل رہا ہے۔ یہ پرچہ اُن تمام خوبیوں کا حامل ہے جن کی توقعات فاضل اڈیٹر کی ذات سے وابستہ کی جاسکتی ہیں: تازہ بتازہ خبروں کے علاوہ مسائل و احکام،، اخبار و افکار، ،، سیر و سفر،، بزم و رزم،، کے مستقل عنوانات کے ماتحت ملکی حوادث و واقعات اور دوسری چیزوں پر دلچسپ اور عمدہ مباحث ہوتے ہیں: پھر مقالہ افتتاحیہ اور دوسرے ذیلی شذرات میں قوم پرورانہ نقطۂ نگاہ کی ترجمانی ہوتی ہے۔ ہر اشاعت میں ایک نہ ایک نظم اور کوئی نہ کوئی علمی یا مذہبی مقالہ بھی ہوتا ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ مُسلمان،، ہندوستان کے بہت ہی کم قوم پرور اخبارُں میں ایک خاص مقام رکھتا ہے۔ مُسلمانوں کو اس کی خریداری قبول کرکے ادارہ کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔



© rasailojaraid.com